**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# فیض آباد دھرنا کمیشن کی رپورٹ کا معاملہ

# پاکستان تحریک انصاف کا کمیشن کی رپورٹ فوری طور پر منظرِ عام پر لانے کا مطالبہ

17اپریل2024

- کمیشن کی سفارشات کی روشنی میں ذمہ داریوں سے انحراف اور مِس کنڈکٹ کی مرتکب پنجاب حکومت خصوصاً شہباز شریف کیخلاف کارروائی کی ضرورت پر بھی زور
- فیض آباد دھرنا کمیشن کی رپورٹ کے مختلف صحافتی ذرائع سے سامنے آنے والے مندرجات کئی پہلوؤں سے اہم ہیں۔
- اس رپورٹ کے مصدقہ مندرجات سے آگاہی قوم کا بنیادی حق ہے، بلاتاخیر منظرِ عام پر لایا جائے۔
- کمیشن نے شاہد خاقان عباسی اور احسن اقبال سمیت نون لیگی حکومت کی کابینہ کی کلیدی شخصیات کی گواہی کی روشنی میں شہباز شریف اور اس کی پنجاب حکومت کو ذمہ دار قرار دیا ہے۔
- شہباز شریف میں رتّی بھر شرم اور حیاباقی ہے تو مستعفیٰ ہو اور اپنی مجرمانہ کوتاہیوں کا جواب قوم کو پیش کرے۔
- سپریم کورٹ دھرنا کمیشن کی سفارشات کی روشنی میں شہباز شریف اور اس کی کابینہ کیخلاف فوجداری مقدمات کے اندراج کے احکامات بھی صادر کرے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- کمیشن نے نون لیگ کے ریاستی اداروں اور ان سے منسلک شخصیات کے خلاف نفرت انگیز مہم بھی کھل کر سامنے آئی۔
- بند دروازوں کے پیچھے پیروں میں لیٹنے اور باہر بھڑ ھکیں ہانک کر سیاسی الّو سیدھا کرنا نون لیگ کی پہچان بن چکا ہے۔
- اہم قومی و حکومتی امور پر بننے والی کمیشنز کی رپورٹ دبا کر اپنے جرائم چھپانا اور ذمہ داروں کو بچانا بھی اقتدار پر غاصب مجرموں کا وطیرہ ہے۔
- ایک نااہل، نکمّے اور نالائق شخص کو عوامی مینڈیٹ پر کھلا ڈاکہ ڈال کر اقتدار سونپنے کی شرمناک رسم سے پوری انتظامی ڈھانچے کی تباہی و بربادی کا سلسلہ آگے بڑھانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔
- کمیشن نے اپنی سفارشات میں خفیہ ایجنسیوں اور اداروں کے سیاست میں کردار پر بھی لب کشائی کی ہے جس کی حقیقت قوم پر کھلنا اہم ہے۔
- چیف جسٹس آف پاکستان رپورٹ کو منظرِ عام پر رکھنے اور کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد سمیت ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لانے کے احکامات صادر کریں۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ